Securities and Exchange Commission of Pakistan

SECP

Press Release

July 13, 2018

For immediate release

ایس ای سی پی کی کمپنیوں کو دیامیر بھاشااور مہمند ڈیم فنڈ میں عطیات دینے کی ہدایت

اسلام آباد(جولائی 13) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے تمام رجسٹرڈ کمپنیوں کو کارپوریٹ سوشل ریسپانسی بلٹی کے تحت دیامیر بھاشا اور مہمند ڈیم فنڈ میں عطیات دینے کی حوصلہ افزائی کی ہے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ سرکلر میں ڈیموں کی تعمیر کے لئے سپریم کورٹ کی جانب سے فنڈ قائم کرنے کے اقدام کو سراہا گیا ہے اور کمپنیوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ اس قومی معاملے میں سوشل کارپوریٹ ریسپانسی بلٹی کے تحت بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ ایس ای سی پی کا کہنا ہے کہ کمپنیوں کی جانب سے ڈیم کی تعمیر میں شمولیت ملک کو درپیش پانی کے بحران کے حل میں معاون ہو گا۔ ان ڈیموں کی تعمیر نہ صرف آنے والے سالوں میں پانی کی ضرورت پوری کرے گی بلکہ اس طرح ملک میں کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہو گا جو کارپوریٹ سیکٹر کی ترقی وفروغ کا باعث ہوں گی۔

فنانس ڈویژن پہلے ہی ڈیموں کی تعمیر کے لئے عطیات جمع کروانے کے لئے دیامیر بھاشااور مہمند ڈیم فنڈ قائم کرچکا ہے جس کا اکاؤنٹ نمبر 03-593-299999-001-4 اور IBN No.PK06SBPP0035932999990014 ہے۔ ڈیموں کی تعمیر کے لئے اس اکاؤنٹ میں فنڈز و عطیات جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk